سوال

(485)یوم عرفہ کا روزہ پاکستان میں کب رکھا جائے گا، جبکہ سعودی الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

یوم عرفہ کا روزہ پاکستان میں کب رکھا جائے گا، جبکہ سعودی عرب اور پاکستان کی قمری تاریخ میں عام طور پر ایک روز کا فرق ہوتا ہے۔ کیونکہ یوم حج یوم عرفہ ۹ ذوالحج کو ہوتا ہے۔ اور اس دن کے روزے کے بارے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اس کی بڑی فضیلت ہے۔ پاکستان میں اس دن ۸ ذوالحج ہوتا ہے۔ اب کیا کرنا چاہیے۔ قرآن وسنت سے جواب دیں؟ (محمد بشیر الطیب، کویت)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ فرق لیلۃ القدر، رمضان اور عید کے مواقع پر بھی موجود ہے، اس کے باوجود اہل پاکستان پاکستان کی تاریخ کا اعتبار کرتے ہیں۔ ۱۵, ۱۱, ۱۴۲۲ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص418